# ❁ نصاب الصرف کے سوالات ❁ (ششماہی اول)

سوال1: علمِ صرف کی تعریف، موضوع اور غرض وغایت تحریر کریں نیز بتائیں کہ علمِ صرف کو صرف کیوں کہتے ہیں؟

سوال2: ہفت اقسام کے نام تحریر کرتے ہوئے **مہموز اللام، مثالِ واوی، اجوفِ یائی** اور **لفیف مفروق** کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال3: مندرجہ ذیل اصطلاحات کی تعریفات مع امثلہ تحریر کریں، **فعلِ امر، فعلِ معروف، فعلِ لازم، فعلِ منفی۔**

سوال4: فَعْلٌ (کرنا) مصدر سے **فعلِ ماضی استمراری مثبت مجہول** کی گردان اعراب لگا کر ترجمہ اور صیغہ کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال5: قَدْ مَافَعَلْتُمَا، لَعَلَّنِیْ فُعِلْتُ، لَیْتَهٗ مَافَعَلَ، مَا کُنْتِ تُفْعَلِیْنَ صیغوں کی صرفی تحقیق (صیغہ، سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بیان) کریں۔

سوال6: **فعلِ مضارع** کی تعریف بیان کرتے ہوئے اس کے بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔

سوال7: **فعلِ نہی** کی تعریف کرتے ہوئے نہی کا لفظی و معنوی عمل تحریر کریں۔ سوال8: لفظِ لَمْ اور لَنْ فعلِ مضارع پر داخل ہو تو کیا لفظی اور معنوی عمل کرتا ہے؟ سوال9: فَتْحٌ (کھولنا) مصدر سے فعلِ نہی معروف بانونِ خفیفہ کی گردان اعراب لگا کر ترجمہ اور صیغے کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال10: **فعلِ امر** کی تعریف کرتے ہوئے فعلِ امر حاضر اور غائب و متکلم بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔

سوال11: اسماء مُشْتَقَّه کتنے اور کون کون سے ہیں؟ نیز کسی تین کی تعریف بیان کریں۔

سوال12: ثلاثی مجرد اور غیر ثلاثی مجرد سے **اسمِ فاعل** اور **اسمِ مفعول** بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ سوال13: صفتِ مُشَبَّه کا صیغہ مُذَکر و مُؤَنَّث کے لئے کن کن اوزان پر آتا ہے؟ مع امثلہ وضاحت کریں۔

سوال14: **اسمِ فاعل** اور **صفتِ مُشَبَّہ** میں کیا فرق ہے؟ نیز **اسم مبالغہ** کی تعریف مع امثلہ تحریر کریں۔ سوال15: اسمِ آله کی تعریف کرتے ہوئے اسمِ آله صغرٰی، اسم آله وسطٰی اور اسمِ آله کبرٰی بنانے کا طریقہ مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال16: اسمِ ظرف کی تعریف، بنانے کا طریقہ اور اس کے اوزان تحریر کریں۔ سوال17: فعل تعجب کی تعریف بیان کریں ساتھ میں یہ بھی بتائیں کہ ثلاثی مجرد سے فعلِ تَعَجُّب کے کون سے اوزان آتے ہیں؟

سوال18: مصدرِ مِیْمی کی تعریف کر کے اس کے اوزان کی وضاحت کریں۔

سوال19: گردان کسے کہتے ہیں؟ نیز صرفِ صغیر اور صرفِ کبیر کی تعریف تحریر کرتے ہوئے صرف صغیر از باب نَصَرَیَنْصُرُ تحریر کریں۔

سوال20: مِنْصَارٌ، مِسْمَعٌ، مَفْتُوْحٌ، اِحْسِبْ، لَنْ یَّکْرُمَ صیغوں کی صرفی تحقیق (یعنی صیغہ، سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بیان) کریں۔

سوال21: **ہمزہ اصلیہ، ہمزہ زائدہ** اور **ہمزہ قطعیہ** کی تعریف کریں، نیز وہ اسماء بھی لکھیں جن میں ہمزہ قطعیہ ہوتا ہے۔

سوال22: **الحاق** صرفی، **مُلْحَق** اور **مُلْحَق بِہٖ** کسے کہتے ہیں؟ سوال23: ثلاثی مزید فیہ بے ہمزہ وصل کے کتنے ابواب ہیں؟ علامتوں کے ساتھ تحریر کریں۔ سوال24: **اِفَّعُلٌ** اور **اِفَّاعُلٌ** کی اصل اور قاعدہ تحریر کریں۔

## معروضی سوالات

سوال25: *مختصر جوابات تحریر کریں۔* **(۱)** درج ذیل اسماء میں سے مصدر، مشتق اور جامد جدا کرکے لکھیں **بَابٌ، مَفْتُوْحٌ، کَرِیْمٌ، شُرْبٌ، ذَاھِبٌ، سَمْعٌ، مَکْتُوْبٌ**۔ **(۲)** حروفِ اصلیہ اور زائدہ کسے کہتے ہیں؟ تعریف و مثال ذکر کریں۔ **(۳)** سہ اقسام اور شش اقسام کے نام مع امثلہ تحریر کریں۔ **(۴)** **یازدہ** اقسام سے کیا مراد ہے؟ **(۵)** **حروفِ صحیح** اور **حروفِ علّت** کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کون سی اقسام ہے؟ **(۶)** **فاعل** کی طرف نسبت کے اعتبار سے فعل کی اقسام مع تعریفات و امثلہ لکھیں۔ **(۷)** **مفعول بہٖ** کی ضرورت کے اعتبار سے فعل کی کتنی اور کون کونسی اقسام ہیں؟ تعریف مع امثلہ تحریر کریں۔ **(۸)** **شاذ** ابواب کتنے اور کون کونسے ہیں؟ **(۹)** **اُمُّ الْاَبْوَاب** اور **فُرُوْعُ الْاَبْوَاب** کون کون سے ہیں؟

**(۱۰)** **فعل ماضی بعید** بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ **(۱۱)** **فعلِ ماضی تمنّائی** بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ **(۱۲)** **فعلِ ماضی استمراری** بنانے کا طریقہ تحریر کریں۔ **(۱۳)** **فعلِ نَفِی جَحَدْ بَلَمْ** کی تعریف تحریر کریں۔ **(۱۴)** جوازمِ مضارع کن حروف کو کہتے ہیں؟ **(۱۵)** نونِ ثقیلہ میں کتنے صیغوں پر فتحہ اور کتنے صیغوں پر کسرہ آتا ہے؟ **(۱۶)** ثلاثی مجرد سے اسمِ ظرف کون کونسے اوزان پر آتا ہے۔ **(۱۷)** ہمزہ زائدہ کی کتنی اور کون کونسی قسمیں ہیں؟

سوال26: *خالی جگہ پر کریں۔* **(۱)** **مشتق** ہونے یا نہ ہونے کے اعتبار سے اسم کی ۔۔۔ اقسام ہیں۔ **(۲)** **حروفِ زائدہ** 10 ہیں جن کا مجموعہ ۔۔۔۔ ہے۔ **(۳)** ماضی مطلق سے پہلے ۔۔۔ کا اضافہ کرنے سے **ماضی بعید** بن جاتا ہے۔ **(۴)** ماضی مطلق کے شروع میں ۔۔۔ کا اضافہ کرنے سے **فعلِ ماضی احتمالی** بن جاتا ہے۔ **(۵)** **فعلِ مضارع مجہول مثبت** بنانے کے لئے علامتِ مضارع کو ۔۔۔۔ اور عین کلِمہ کو ۔۔۔ فتحہ دیتے ہیں۔

**(۶)** **نون مشدد** کو ۔۔۔ اور **نون ساکن** ۔۔۔ کو کہتے ہیں۔ **(۷)** **لائے نہی** فعل مضارع پر داخل ہو کر اس میں ۔۔۔ طرح کا عمل کرتا ہے۔

**(۸)** اعداد میں **فاعل کا صیغہ** ۔۔۔ کے لئے آتا ہے۔ **(۹)** ثلاثی مجرد سے **اسمِ ظرف** دو وزن پر آتا ہے، (۱) ۔۔۔ (۲) ۔۔۔ **(۱۰)** **صفتِ مُشَبَّہ** کی دلالت ۔۔۔ صفت پر ہوتی ہے اور **اسمِ فاعل** ۔۔۔ صفت پر دلالت کرتا ہے۔ **(۱۱)** **صفتِ مُشَبَّہ** کے صیغے صرف فعلِ ۔۔۔ سے آتے ہیں۔ **(۱۲)** **اسمِ مبالغہ** میں ۔۔۔ کا کوئی فرق نہیں ہوتا۔ **(۱۳)** **مَفَرٌّ** اسمِ ظرف نہیں بلکہ ۔۔۔۔ ہے۔ **(۱۴)** حرفِ تعریف (اَلْ) کے علاوہ باقی تمام حروف کا ہمزہ ۔۔۔ ہوتا ہے۔ **(۱۵)** **بابِ تفعیل** میں ۔۔۔ مشدد ہوتا ہے۔ **(۱۶)** **رباعی مزید فیہ** کے ۔۔۔ ابواب ہیں۔

سوال27: اِحْمَرَّ، لَاتَتَقَبَّلْ، تُقُوْبِلَ بِہٖ، اِبْرَنْشَقَ، اِكْوَهْدِدْ، مُسْلَنْقٍ، لَنْ يَّتَجَلْبَبَ صیغوں کی صرفی تحقیق (صیغہ، سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بیان) کریں۔

سوال28: تَنَزَّلُ، اِثَّارَ، خَصَّمَ اصل میں کیا تھے؟ مکمل وضاحت کریں۔

سوال29: اگر باب **افتعال** کے **فاء کلمہ** میں **صاد، ضاد** میں سے کوئی حرف ہو تو اس میں کون سا قانون جاری ہو گا؟ تفصیلات تحریر کریں۔

سوال30: اگر باب **افتعال** کا **فاء کلِمہ طاء یا ظاء** ہو تو اس کی صورتیں مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال31: اگر باب **افتعال** کا **فاء کلمہ ذال** ہو تو کتنی صورتیں جائز ہیں؟ تمام صورتیں مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال32: دُعَاةٌ میں جاری ہونے والا قانون تحریر کریں اور اَلتَّجَلِّیْ کی تعلیل کرتے ہوئے قاعدہ تحریر کریں۔

سوال33: **مہموز** کے کوئی چار قاعدے تحریر کریں۔

سوال34: بِیْرٌ، اٰمَنَ، جآءٍ، اٰلْاٰنَ، کُلْ صیغوں کی اصل اور موجودہ صورت کی وجہ تحریر کریں۔

سوال35: **مہموز**، ثلاثی مجرد کے کتنے ابواب سے استعمال ہوتا ہے؟ مع امثلہ تحریر کریں، نیز **الاخذ** مصدر سے صرف صغیر مکمل تحریر کریں۔

سوال36: خُذِیْ، اِیْدِبْ، یَسْئَلُ، لَئِیْمٌ، مُؤْمَنٌ، لَاتَسْتَبْرِءْ صیغوں کی صرفی تحقیق (صیغہ، سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بیان) کریں۔

سوال37: صرف صغیر من باب **افتعال** از مصدر اِیْتِمَارٌ مکمل کریں۔

سوال38: مضاعف کے قواعد میں سے کوئی تین قواعد مکمل تحریر کریں۔

سوال39: فعلِ مضارع مثبت معروف از باب مَدَّ یَمُدُّ کی گردان مع صیغہ وترجمہ تحریر کریں۔ سوال40: مَدَّ، لَمْ یَمُدُّ اور مَادُّوْنَ اصل میں کیا تھے؟ ان میں کون سے قاعدے استعمال ہوئے؟

سوال41: دو حروف میں **ادغام** کے واجب ہونے کی شرائط عشرہ مع امثلہ تحریر کریں۔ سوال42: **الفرار** مصدر سے لام تاکید بانون تاکید خفیفہ کی گردان لکھیں، نیز صرف صغیر تحریر کریں فَرَّیَفِرُّ یا قَرَّرَ یُقَرِّرُ۔

سوال43: صیغوں میں قواعد کی پہچان کرتے ہوئے قاعدہ تحریر کریں لَمْ یَاْخُذْ، اِیْتَمَرَ، لِتُمَسَّ، یُحَاجُّ۔

سوال44: مَسَّ، مُمِدٌّ صیغے بتاتے ہوئے ان کی اصل تحریر کریں نیز وہ قاعدے بھی بیان کریں جن سے موجودہ صیغے بنے۔

سوال45: اَلْاِمْدَادُ مصدر سے ماضی مطلق مثبت مجہول کی گردان لکھیں۔

سوال46: مثال کے کوئی چار قاعدے بیان کریں۔ سوال 47: يَعِدُ، مِيْعَادٌ، عِدَةٌ، زِنَةٌ کی اصل نکال کر قانون جاری کریں۔

سوال48: عِدَةٌ (وعدہ کرنا) مصدر سے اسمِ فاعل اٹھارہ صیغوں والی گردان، ترجمہ صیغے کے ساتھ تحریر کریں۔

سوال49: اَلْوَعْدُ مصدر سے اسم مفعول کی گردان لکھیں۔

سوال50: اَلْوَسْمُ مصدر سے صرف صغیر مکمل تحریر کریں۔ سوال51: وَرِمَ يَرِمُ مصدر سے اعراب لگاکر صرفِ صغیر تحریر کریں۔

سوال52: اِيْقَاظٌ (بیدار کرنا) مصدر سے صرفِ صغیر تحریر کریں۔ سوال53: اجوف کا قاعدہ نمبر 1 مع شرائط تحریر کریں۔

سوال54: يَقُوْلُ اصل میں کیا تھا؟ اس میں جاری ہونے والا قانون تحریر کریں اور کوئی 5 شرائط مع امثلہ لکھیں۔

سوال55: قُلْنَ، طُلْنَ، بِعْنَ، خِفْنَ اصل میں کیا تھے؟ موجودہ صورت کیسے بنی؟ مکمل وضاحت کریں۔

سوال56: سَيِّدٌ میں جاری ہونے والے قانون کی وضاحت کریں، نیز اجوف کے کوئی سے دو قاعدے مع امثلہ تحریر کریں۔

سوال57: اَلْقَوْلُ مصدر سے فعلِ مضارع معروف کی گردان زید نے قاعدہ جاری کیے بغیر سنائی اور عمرو نے قاعدہ جاری کر کے سنائی، آپ تحریر کریں کہ زید نے کس طرح گردان سنائی ہوگی اور عمرو نے کس طرح گردان سنائی ہوگی؟۔

سوال58: اَلْقَوْلُ مصدر سے فعل امر مجہول کی گردان مع ترجمہ تحریر کریں۔

سوال59: اَلْقِيَام مصدر سے امر غائب و متکلم معروف کی گردان تحریر کریں۔ سوال60: اَلْقِيَاس مصدر سے اسم ظرف کی گردان تحریر کریں۔

سوال61: مَقَالٌ، اِقَامَةٌ، قُلْتُمْ، يَخَافُ، مَبِيْعٌ صیغے بتاتے ہوئے ان کی اصل تحریر کریں اور وہ قاعدے بھی بیان کریں جن سے موجودہ صیغے بنے۔

سوال62: اجوف سے ثلاثی مزید فیہ کے استعمال ہونے والے ابواب کے نام تحریر کریں۔

سوال63: اِنْقِيَادٌ مصدر سے اعراب لگاکر صرفِ صغیر کریں۔ سوال64: ناقص کے کوئی سے پانچ قاعدے تحریر کریں۔

سوال65: دُعِيَ، نَهُوَ، تَدْعِيْنَ، اَسْمَاءُ، دُنْيَا اصل میں کیا تھے؟ اور موجودہ شکل کس قاعدے کی وجہ سے ہوئی؟ بیان کریں۔

سوال66: دُعَاةٌ اور نُحَاةٌ اصل میں کیا تھے؟ قاعدہ تحریر کریں، نیز بتائیں کہ فَعْلٰی اسمی کسے کہتے ہیں؟

سوال67: دَعْوَةٌ مصدر سے صرفِ صغیر تحریر کریں۔

سوال68: **فعل امر مجہول** کی صرف کبیر مِن باب نصر ینصر از دَعْوَةٌ مکمل مع ترجمہ وصیغے تحریر کریں۔

سوال69: اَلتِّلَاوَةُ مصدر سے **مضارع منفی معروف** کی گردان تحریر کریں۔

سوال70: اَلنِّسْيَانُ مصدر سے **ماضی مطلق مثبت معروف** کی گردان تحریر کریں۔

سوال71: اَلرَّخْوُ مصدر سے صرف صغیر مکمل تحریر کریں۔

سوال72: اَلنَّحْيُ مصدر سے **فعلِ نفی جحد بلم معروف** کی گردان تحریر کریں۔

سوال73: مُرَامَاةٌ (باہم پھینکنا) مصدر سے اعراب لگا کر صرفِ صغیر تحریر کریں۔

سوال74: تَأْلُوْ، اِيْوِ، رَ، مِوَدٌّ صیغوں کی صرفی تحقیق (صیغہ، سہ اقسام، شش اقسام، ہفت اقسام اور باب بیان) کریں۔

سوال75: **فعل امر معروف** کی صرف کبیر مکمل صیغے مِن باب فتح یفتح از مصدر رُؤْيَةٌ تحریر کریں۔

سوال76: صرف صغیر مِن باب نصر ینصر از مصدر اَلْاِمَامَةُ مکمل تحریر کریں۔

سوال77: اَلْاِمَامَةُ مصدر سے **فعل ماضی مطلق معروف** کی گردان تحریر کریں۔

سوال78: **قلبِ مکانی** کی پہچان کا طریقہ مع امثلہ تحریر کریں نیز اِتَّخَذَ کو شاذ کیوں قرار دیا گیا ہے؟

## ۞ معروضی سوالات ۞

سوال79: *مختصر جوابات تحریر کریں۔*

**(ا)** مندرجہ قواعد میں سے کوئی سے پانچ قواعد کی 2،2 امثلہ تحریر کریں۔

(A) اگر باب **افتعال** کے **فاء کلمہ** میں **سین** یا **شین** آجائے تو **تائے افتعال** کو **فاء کلمہ** کی جنس سے بدلنا جائز ہے۔

(B) اگر باب **افتعال** کا **فاء کلمہ دال، ذال** یا **زاء** ہو تو **تائے افتعال** کو **دال** سے بدل دینا واجب ہے۔

(C) اگر **اسم فاعل** کی جمع فَعَلَةٌ کے وزن پر آئے اور اس کا لام کلمہ حرفِ علت ہو تو اسے **الف** سے بدل کر **فاء کلمہ** کو ضمہ دینا واجب ہے۔

(D) **الِف** کو اس کے ماقبل حرکت کے موافق حرفِ علّت سے بدلنا واجب ہے۔

(E) اگر **ہمزہ** مفتوحہ سے پہلے ضمہ ہو تو **ہمزہ** کو **واؤ** سے اور کسرہ ہو تو **یاء** سے بدلنا جائز ہے۔

(F) ایسے دو ہم جنس یا ہم مخرج حروف جن میں پہلا حرف ساکن غیر مدہ ہو تو پہلے حرف کا دوسرے حرف میں ادغام کر دینا واجب ہے۔

(G) مرکبات میں **مہموز** اور **مُعْتَلّ** کے قاعدے اگر آپس میں ٹکرائیں تو ترجیح کسے حاصل ہو گی؟

**(۲)** قِرَئْیٌ اصل میں کیا تھا؟ مکمل قاعدہ تحریر کریں۔

سوال80: خالی جگہ پر کریں۔

**(۱)** ثلاثی مزید فیہ باہمزہ وصل کے ۔۔۔۔ ابواب ہیں۔ **(۲)** مخصوص قاعدے کے تحت ہمزہ کے ثقل کو دور کرنا ۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

**(۳)** **ہمزہ** کو اس کے اپنے مخرج اور اس کی حرکت کے موافق حرفِ علت کے مخرج کے درمیان سے پڑھنا ۔۔۔۔ کہلاتا ہے۔

**(۴)** **کُلْ** اصل میں ۔۔۔۔ تھا۔ **(۵)** **مضاعف**، ثلاثی مجرد کے ۔۔۔۔ ابواب سے آتا ہے۔

**(۶)** ضمَّہ کے بعد **یاء** واقع ہو تو اُسے ۔۔۔۔ سے بدل دینا واجب ہے۔

سوال81: صحیح یا غلط کی نشاندہی کریں۔

**(۱)** **یَسَلُ** میں قاعدہ جوازی جاری ہوتا ہے۔ **(۲)** **کُلْ** ہفت اقسام میں سے اجوف ہے۔

**(۳)** **خُذَا** تثنیہ مذکر و مؤنث حاضر دونوں کے لئے آتا ہے۔

**(۴)** **اِیْتَمَرَ** ہفت اقسام میں سے مثال یائی ہے۔

**(۵)** **جَلْبَبَ** میں مضاعف کا قاعدہ جاری نہیں ہوتا۔ **(۶)** **مَدُّوْا** کا معنی ہے کھینچا ان دو مردوں نے۔

**(۷)** **یَفِرُّ** کا معنی ہے بھاگتا ہے یا بھاگے گا وہ ایک مرد۔

**(۸)** **وَعَدْنَ** کا معنی ہے وعدہ کیا ان سب مردوں نے۔ **(۹)** **اِیْجَلْ** کا معنی ہے ڈر تو ایک مرد۔

**(۱۰)** کہا تم دو مردوں نے کی عربی **قَالَتَا** ہے۔ **(۱۱)** نہیں جانتا تو ایک مرد کی عربی **لَنْ تَدْرِیَ** ہے۔